






مدنی پھول برائے ہفتۂ دُعائے صحت

﴿عالمی مجلس مشاورت﴾



ٹُو سارے مریضوں کو اللہ شِفا دے دے

اچھا ہے فقط وہ جو بیمار مدینہ ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَاتَمِ النَّبِيّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# مدنی پھول برائے ہفتۂ دُعائے صحت

## ﴿عالمی مجلس مشاورت﴾

رسولِ پاک کی دکھیاری امت پر عنایت کر　　　مریضوں، غمزدوں، آفت نصیبوں پر کرم مولیٰ

(وسائلِ بخشش ص99)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰه!** آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی دکھیاری امّت کی غم خواری اور دل جوئی کے عظیم جذبے کے تحت دعوتِ اسلامی کے تحت بیماروں کی عیادت اور دُعاؤں کے لئے **ہفتۂ دُعائے صحت** منایا جارہا ہے۔ جس میں ہر بیمار مسلمان کی شفایابی کے لئے ذوالحجۃ الحرام کے چوتھے ہفتے (اجتماع والے دن کے بعد سے مزید **6** دن تک) خصوصیت کے ساتھ دُعاؤں اور عیادت کا سلسلہ ہو گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ الکریم

فرمانِ مُصْطَفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ "**نِيَّةُ الْمُؤْمِنِ خَيْرٌ مِّنْ عَمَلِهٖ**" مُسلمان کی نِیّت اُس کے عمل سے بہتر ہے۔

(اَلْمُعْجَمُ الْکبیر لِلطّبرانی ج۶ص۱۸۵ حدیث ۵۹۴۲)

لہٰذا تمام ذمہ دار اسلامی بہنیں یہ نیت کریں کہ **ہفتۂ دُعائے صحت** میں نہ صرف خود حصہ لیں گی بلکہ دیگر اسلامی بہنوں کو بھی اس کام کی ترغیب دلائیں گی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ الکریم!

یادرہے کہ! "**مدنی پھول طے ہونے کے بعد اس کا نفاذ ہی اصل چیز ہے** "

(شوریٰ وکابینہ کے مدنی مشورے کے مدنی پھول 22 تا 26 اگست 2013)

﴿1﴾ مدنی پھول برائے ہفتۂ دعائے صحت " کے مدنی مشورے سے قبل ہر سطح کی نگران اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمّہ داران کو یہ بتادیں کہ!

☆ مدنی مشورے کا دورانیہ ڈیڑھ گھنٹہ ہو گا۔

☆ مدنی مشورے میں مکمل وقت شرکت کی جائے۔ (بہتر ہے کہ معمول والے ماہانہ مشورے میں ہی لے لیا جائے)

☆ اگر مدنی مشورے میں کوئی ذمّہ دار غیر حاضر رہے تو بعد میں مناسب وقت دے کر مدنی پھول سمجھائے جائیں۔

☆ مدنی مشورے میں یہ بات بتادی جائے کہ اس شعبے سے متعلق تمام پیپرز محفوظ کرلیے جائیں کیونکہ آیندہ اس میں حسبِ ضرورت ہونے والی ترمیم کو غوشیہ رنگ سے انڈرلائن کے ذریعے واضح کردیا جائے گا۔

☆ ہر سطح کی نگران اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمہ داران سے کنفرم (confirm) کرلیں کہ ان کے پاس گذشتہ سال کے مدنی پھول مع ریکارڈ پیپرز موجود ہیں؟ اگر موجود ہوں تو اِس بار واضح کی گئی ہائی لائٹنگ کی مدد سے پہلے سے موجود ریکارڈ پیپرز میں اجلاس میں ہاتھوں ہاتھ اضافے کروالیں وہ پیپر جو مکمل ہائی لائٹ ہوں یا جس میں الگ رنگ سے بہت زیادہ تبدیلیاں کی گئی ہوں ان کے فائنل والے (مکمل بلیک والے) پرنٹ نکالے جائیں اور وہی post/mail کروائے جائیں۔

☆ اگر گذشتہ سال کے پیپرز موجود نہ ہوں تو فائنل والے مکمل بلیک مدنی پھول برائے ہفتۂ دعائے صحت مع ریکارڈ پیپرز post/mail یا پاؤڈر کاپی کروا کردیجئے۔

☆ ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمہ دار ان کو " مدنی پھول برائے ہفتۂ دعائے صحت " صفحہ نمبر کی ترتیب کو پیشِ نظر رکھ کر (حسبِ ضرورت) لفافے میں ڈال کر جہاں بالمشافہ مشورہ ممکن ہو دیں اور جن کے پاس اسمارٹ فون نہ ہو۔ اور معلوماتی فارم کی مدد سے ہاتھوں ہاتھ تبدیلیاں نوٹ کروائی جائیں۔( **معلوماتی فارم** ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿2﴾ ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہنیں اپنی تمام شعبہ مشاورتوں کو " **ہرسطح کی شعبہ مشاورتوں کو Updateکرنےوالے مدنی پھول ہفتۂ دُعائے صحت** "post / mail کروادیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿3﴾ نگران عالمی مجلسِ مشاورت " **مدنی پھول ہفتۂ دُعائے صحت سے متعلق نگران عالمی مجلسِ مشاورت کے کام**" کے مطابق عمل کریں۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ کراچی کی ڈویژن نگران اسلامی ذُوالحِجَّۃ الحرام کے دوسرے ہفتے میں دعائے صحت اجتماع سے متعلق کتب و رسائل (جس کا ذکر آگے آرہاہے) جتنی تعداد میں ضرورت ہو مکتبۃ المدینہ پر آرڈر کروائیں۔

﴿4﴾ نگران عالمی مجلس مشاورت ذُوالحِجَّۃ الحرام کے دوسرے ہفتے **اسلامی بہنوں کی نیو ویب سائٹ پردعائے صحت اجتماع کی تشہیر** نگرانِ شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں (رکنِ شوریٰ) کو ان الفاظ کے ساتھ کہ "اسلامی بہنوں کی نیو ویب سائٹ پر up load کروادیجئے۔"، میل کروادیں

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

## ہفتۂ دُعائے صحت

﴿1﴾ ذُوالحِجَّۃ الحرام کے چوتھے ہفتے (اجتماع والے دن کے بعد سے مزید **6** دن تک) ہر سطح کی مشاورت نگران مع شعبہ مشاورتیں اپنے زیرِ حدود تحصیل/ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) میں انفرادی طور پر بیمار پڑوسیوں، عزیز رشتے داروں اور جن ذمہ دار اسلامی بہنوں کے اپنے گھروں میں والدہ، بہن، بھابھی، بچوں کی دادی، نانی پھوپھی، چاچی، وغیرہ اگر بیمار ہوں تو اللہ پاک کی رضا اور اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ عیادت کے لئے جائیں۔

☆ تحصیل/ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) نگران مع شعبہ مشاورتیں قبل از وقت آپس میں یہ طے کرلیں کہ کون کہاں، کس منسلک/ذمہ دار کی عیادت کے لئے جائیں گی؟ چاہے اسلامی بہن بیمار ہوں یا ان کے بچے دونوں صورتوں میں عیادت کی جائے۔

☆ بہتر ہے کہ 19 منٹ سے زائد کسی ایک گھر میں وقت نہ دیا جائے۔

☆ عیادت کے دوران پُر تکلّف دعوت یا کھانے وغیرہ کا اہتمام ہر گز نہ ہو پہلے سے ہی اُن کا ذہن بنادیا جائے۔ چائے، پانی مشروب وغیرہ پینے میں حرج نہیں۔

﴿2﴾ اراکینِ عالمی مجلس مشاورت مع اراکین شعبہ بین الاقوامی امور اپنے اپنے ملکوں/شعبوں سے وابستہ بیرونِ ملک کی ذمہ داران (جو بیمار ہوں) کی بذریعہ آن لائن /WhatsApp عیادت کریں نیز ممکنہ صورت میں اپنے رہائشی ذیلی حلقے میں بالمشافہ عیادت ہوتو مدینہ مدینہ۔۔۔

﴿3﴾ شعبۂ تعلیم ذمّہ داران چھوٹے بڑے ہسپتال، کلینک وغیرہ جہاں دعوتِ اسلامی کا دینی کام ہے پردے کی رعایت کے ساتھ بیماروں کی عیادت اور ان کے لئے خصوصی دُعائیں کریں۔

﴿4﴾ عیادت سے قبل ہر اسلامی بہن مکتبۃ المدینہ کا مطبوعہ رسالہ "**نہر کی صدائیں**" میں صفحہ 19 تا 23 پر موجود عیادت کے مَدَنی پھول کا اچھی طرح مطالعہ فرمالیں۔

﴾5﴿ ذُوالْحِجَّة الحرام کے چوتھے ہفتے سے قبل دو ہفتے تک تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات اور ماہانہ سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقوں میں "**ہفتۂ دُعائے صحت سے متعلق ترغیبی اعلان**" بھی معمول کے اعلانات میں شامل کرلیا جائے۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴾6﴿ ذیلی نگران اسلامی بہن "دُعائے صحت اجتماع" کی دعوت تمام منسلک اسلامی بہنوں تک پہنچائیں۔ (منسلک کا ڈیٹا سافٹ وئیر میں اور ذیلی نگران کے پاس لسٹ میں موجود ہے)

☆ ملک و بیرونِ ملک نیکی کی دعوت کے ذریعے "دعائے صحت اجتماع" میں شرکاء کی تعداد زیادہ ہو اس کے لیے بھرپور نیکی کی دعوت کا سلسلہ ہو۔ ملک مرشد میں نیکی کی دعوت کا دورانیہ 1 گھنٹہ 12 منٹ ہو تو اس کو ڈبل 2 گھنٹے 26 منٹ کر دیا جائے (اس دورانیے کو دو، تین دن میں مکمل کرسکتے ہیں) اوور سیز میں جہاں یہ طے ہو کہ اتنے افراد کو دعوت دینی ہے، اتنے منٹ دعوت دینی ہے اس کو ڈبل کر لیا جائے۔ مقصد زیادہ لوگوں تک دعوت پہنچے۔

﴾7﴿ مدنی پھول ملتے ہی ہر سطح کی نگران اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمّہ داران کو اور تحصیل / ٹاؤن (اوور سیز میں ڈویژن) نگران اسلامی بہن دعائے صحت اجتماع سے پہلے والے ماہانہ سیکھنے سکھانے کے دینی حلقے کے آخر میں 25 منٹ تمام ذیلی نگران کو **شیڈول برائے دعائے صحت اجتماع** اچھی طرح سمجھا کر دیں۔

(یہ تمام پیپرز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

☆ جہاں بالمشافہ اجتماع ممکن نہیں وہاں "**شیڈول برائے دعائے صحت اجتماع (آن لائن)**" اچھی طرح سمجھا کر دیں۔ (یہ شیڈول ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ اس ماہ آنے والے سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے میں بھی بیماروں کے لئے دُعائیں مانگی جائیں۔

﴾8﴿ ممکنہ صورت میں "**دُعائے صحت اجتماع**" کا سادہ بینر بھی لگایا جائے۔ بینر کا نمونہ ملاحظہ فرمائیں۔

**دعائے صحت اجتماع**
تو سارے مریضوں کو اللہ شفاء دے دے
اچھا ہے فقط وہ جو بیمار مدینہ ہے

﴾9﴿ "دُعائے صحت اجتماع" میں درج ذیل کتب و رسائل مکتبۃ المدینہ کے اسٹال پر زیادہ تعداد میں رکھے جائیں اور زیادہ سے زیادہ رسائل تقسیم بھی کیے جائیں۔

**کتب و رسائل**: * مَدَنی پنج سورہ * گھریلو علاج * نہر کی صدائیں * چڑیا اور اندھا سانپ * زندہ بیٹی کنویں میں پھینک دی * بیمار عابد * 40 روحانی علاج * مینڈک سُوار بچھّو * یہ وقت بھی گزر جائے گا، * کام کے اوراد، * صابر بوڑھا۔ * الوظیفۃ الکریمہ * اللہ پاک کے 99 ناموں کی برکتیں * قصیدہ بردہ شریف سے روحانی علاج۔

☆ تمام اجتماع ذمہ داران کو ترغیب دلائی جائے کہ وہ اجتماع کے آخر میں خود آگے بڑھ کر بیمار اسلامی بہنوں سے ملاقات کریں، کوئی بھی بغیر ملاقات کے نہ جائے، مضبوط انفرادی کوشش ہو، اُن سے حال احوال پوچھیں اور اس کے بعد نوعیت کے مطابق کسی بھی دینی کام میں حصّہ لینے مثلاً ہفتہ وار رسالہ پڑھنے / ہفتہ وار مدنی مذاکرہ دیکھنے / سننے کا ذہن دیا جائے۔

﴾10﴿ دُعائے صحت اجتماع میں جہاں ممکن ہو تو اجازت یافتہ روحانی علاج کا بستہ بھی لگایا جائے وہاں ایک ہفتہ قبل اعلان کیا جائے کہ اجتماع 2:30 سے 4:30 اور پنجاب وغیرہ میں 2 تا 4 ہو گا۔

☆ روحانی علاج کا بستہ 1 گھنٹے کا لگایا جائے گا جہاں روحانی علاج کا بستہ لگانا ممکن ہو وہاں (ایک ہفتے قبل) اعلان کر دیا جائے کہ مخصوص تعداد میں اجتماع سے قبل ٹوکن دیئے جائیں گے اور اجتماع کے بعد 60 منٹ کے لئے بیمار اسلامی بہنوں کے لیے اوراد و وظائف دیئے جائیں گے۔ (جس اجتماع گاہ میں روحانی علاج کا بستہ لگتا ہو، یہ مدنی پھول اسی مقام کے لیے ہیں)

﴾11﴿ دُعائے صحت اجتماع میں ذیلی کی بہترین مبلغات اور ذیلی تا عالمی مجلس مشاورت مع شعبہ مشاورت کا بیان ہو۔

﴾12﴿ دُعائے صحت اجتماع میں ڈونیشن بکس نمایاں جگہ پر رکھا جائے۔

☆ شرکاء کی کثیر تعداد کی توقع ہونے پر صرف اسی دن کے لئے اجتماع تقسیم کرنے اور تقسیم شدہ اجتماع کو سنبھالنے کے لئے انتظامات بھی پہلے سے کر لئے جائیں۔ (یاد رہے! تعداد زیادہ ہونے کی صورت میں بھی مائیک استعمال کرنے کی اجازت نہیں)۔

﴾13﴿ گلی گلی مدرسۃ المدینہ میں پڑھنے والی بچیوں کی والداؤں کو بھی "دُعائے صحت اجتماع" میں شرکت کی ترغیب دلائی جائے

﴾14﴿ جن جن ڈویژن میں ممکن ہو وہاں شعبہ فیضانِ مرشد کے یو سی / سیکٹر میں بھی دعائے صحت اجتماع کیا جائے۔

﴾15﴿ "دعائے صحت اجتماع" میں 'متفرق روحانی علاج' کا پیپر حسب ضرورت فوٹو کاپی کروا کر آنے والی اسلامی بہنوں کو ابتدا میں دیا جائے۔

یہ مدنی پھول شرعی و تنظیمی تفتیش کے بعد اوکے ہیں